بل اجراء کئے بغیر یونیفارم اور اسٹیشنری کی فروخت کیخلاف شکایت

خانگی اسکولوں میں لوٹ کا سلسلہ جاری۔ سخت کارروائی کرنے ٹی جی وی پی قائدین کا مطالبہ

نظام آباد، 26؍جون (ایس این بی) ٹی جی وی پی کے قائدین نے بعض خانگی اسکولوں میں قواعد کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے یونیفارم اور اسٹیشنری فروخت کرنے، سرپرستوں کو بل اجراء نہ کرنے کیخلاف کمرشل ٹیکس عہدیدار ایشور کو تحریری شکایت حوالے کرتے ہوئے سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ٹی جی وی پی قائدین نے کہا کہ عدالت کی جانب سے اسکول انتظامیہ کو طلباء کیلئے فائدہ مند نصابی کتابیں فروخت کرنے کی اجازت دینے پر غلط فائدہ اٹھاتے ہوئے تجارت کی جارہی ہے ٹی جی وی پی ضلع صدر کلیان نے کہا کہ نئے تعلیمی سال کے آغاز کے ساتھ ہی نوٹ بکس، نصابی کتابیں، یونیفارم، اسٹیشنری کے نام پر خانگی اسکولوں میں زبردست لوٹ مچائی جارہی ہے جس سے اولیائے طلباء کیلئے تعلیم انتہائی مہنگی ثابت ہورہی ہے۔ محکمہ تعلیمات کے عہدیدار برائے نام کارروائی کررہے ہیں صرف کارروائی کا انتباہ دیتے ہوئے اعلامیہ جاری کیا جارہا ہے لیکن لوٹ مچانے والے ایک بھی خانگی اسکول کو آج تک سل نہیں کیا گیا ہے جس سے ملی بھگت کے الزامات سامنے آرہے ہیں تعلیم اب تجارت بن گئی ہے صرف عالیشان بلڈنگ میں اسکول چلاتے ہوئے لوٹ مچائی جارہی ہے اسکول کے قیام کے تمام قواعد کی خلاف ورزی کرنے کے باوجود محکمہ تعلیمات کے عہدیدار خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں جس سے ملی بھگت کے الزامات سامنے آرہے ہیں۔ ٹی جی وی پی قائدین نے کمرشل ٹیکس عہدیدار سے پرُزور مطالبہ کیا کہ یونیفارم اور اسٹیشنری فروخت کرنے کے باوجود بل اجراء نہ کرنے والے اسکول انتظامیہ کیخلاف کارروائی کی جائے۔

منشیات، انسانی زندگی کیلئے مضر۔ نشہ کی لعنت سے بچنے نوجوانوں کو تلقین

ورلڈ ڈرگ ڈے کے موقع محبوب نگر میں ریلی۔ ضلع کلکٹر و دیگر کا خطاب

INTERNATIONAL DAY AGAINST DRUG ABUSE & ILLICIT TRAFFICKING
Date : 26-06-2024

محبوب نگر، 26؍جون (ایس این بی) منشیات کے استعمال اور اسمگلنگ کے خلاف آج بین الاقوامی دن کے موقع پر ضلع محبوب نگر کلکٹر وجیندر رابوئی، اور ضلع ایس پی جانکی دھاروت کی نگرانی میں اسٹیڈیم گراؤنڈ سے تلنگانہ چوراہے تک ریلی کا انعقاد کیا گیا، اور تلنگانہ چوراہے پر منشیات کے استعمال اور اسمگلنگ کے خلاف ایک عہد لیا گیا، اس موقع پر ضلع کلکٹر بی وجیندر رابوئی نے کہا کہ منشیات انسانی زندگی کے لیے سب سے زیادہ خطرناک ہے اور اس سے خاندانی نظام تباہ ہو جاتا ہے، انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ کچھ لوگ جانے انجانے میں اور کچھ لوگ غیر قانونی آمدنی کیلئے بچوں کا منشیات کا عادی بنا رہے ہیں، جبکہ ہماری ریاستی حکومت طلبا کیلئے کروڑوں روپے خرچ کرتی ہے، ضلع کلکٹر نے کہا کہ منشیات کی روک تھام کیلئے کسی بھی سطح کا فیصلہ لینے کیلئے تیار ہوں، جبکہ محبوب نگر ایس پی جانکی نے کہا کہ تلنگانہ پولس ڈپارٹمنٹ نے منشیات کے استعمال اور اسمگلنگ کے خطرناک ہونے کی وجہ سے نگرانی کو وسیع کر دیا ہے، انہوں نے کہا کہ پولیس منشیات کی روک تھام کے لیے سخت کارروائی کرے گی اور منشیات فروشی میں ملوث افراد کو نظر انداز نہیں کرے گی، انہوں نے کہا کی خاص طور پر نوجوان جو صحیح فیصلے نہیں کرتے انہیں چاہیے کہ اپنی زندگی کو صحیح طریقے سے آگے بڑھائیں، اگر آپ ذائقہ دیکھنے کیلئے اگر چکھا تو تو یہ ایک بار میں ختم نہیں ہوگا بلکہ وہ آپ اسکے عادی بن جائینگے اس سے نہ صرف آپ کی صحت خراب ہوگی بلکہ آپ کو مجرمانہ الزامات کا بھی سامنا کرنا پڑے گا اور ایسی صورت میں آپ کو 10 سال قید یا عمر قید ہوگی۔ اس لیے میں درخواست کرنا چاہتی ہوں کہ ہر نوجوان اس بات کو یقینی بنائے کہ وہ زندگی میں منشیات سے متاثر نہ ہو اور جس کو بھی گانجے کی فروخت کے بارے میں کوئی معلومات ہو وہ 100 پر کال کر سکتا ہے یا ڈسٹرکٹ کنٹرول روم نمبر 8712659360 یا اپنے قریبی پولیس سٹیشن سے رابطہ کر سکتا ہے،. انہوں نے کہا کہ منشیات کو نہ صرف پولیس بلکہ عوام اور دیگر محکموں کے تعاون سے کنٹرول کیا جائے، بعد ازاں ضلع پولیس کی جانب سے منشیات کی روک تھام اور نقل وحمل پر ایک مضمون نویسی اور لیکچر مقابلہ منعقد کیا گیا جبکہ ضلع پریشد دفتر کے ہال میں ضلع ایس پی کے ہاتھوں مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کو اسناد سے نوازا گیا، اس موقع پر ایڈیشنل کلکٹر شیویندر پرتاپ، آئی اے ایس، بھاسکر ریڈی، اسسٹنٹ کمشنر ایکسائز، زرینہ بیگم، ڈی ڈبلیو او اور دیگر عملہ موجود تھا۔

ڈائل 100 شکایت پر پولیس عہدیدار فوری حرکت میں آئیں

سائبر دھوکہ دہی سے متعلق عوام میں شعور بیدار کرنے ضلع سپرنٹنڈنٹ اشوک کمار کی ہدایت

جگتیال 26 جون (ایس این بی) ضلع سپرٹینڈنٹ پولیس اشوک کمار نے جگتیال ٹاؤن پولیس اسٹیشن کا اچانک دورہ کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن کی تنقیح کی اس موقع پر انہوں نے پولیس اسٹیشن میں عملے کے ارکان اور ان کی کارکردگی سے متعلق معلومات حاصل کی جگتیال پولیس اسٹیشن کی جانب سے روزانہ کتنے بلوکوٹ اور پیٹرولنگ کار ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں اس کے متعلق استفسار کیا اور ساتھ ہی ساتھ جگتیال شہر میں کتنے بٹس چل رہے ہیں اس کے متعلق معلومات حاصل کرتے ہوئے روزانہ ان مقامات پر پیٹرولنگ کرتے ہوئے چوری کے واقعات کے تدارک کے اقدامات کرنے کے لیے کہا اور کہا کہ 100 ڈائل کے ذریعے شکایت پر فورا عملہ حرکت میں اتے ہوئے مقام واقعہ پر پہنچے اور مسئلہ کو حل کریں بلو کورٹس پیٹرولنگ کارس 7× 24 گشت کرتے ہوئے عوام کو ہر وقت دستیاب رہکر ان کے مسائل حل کرنے اور عوامی شکایت پر کسی قسم کی کوتاہی نہ کرتے ہوئے فوراعمل درامد کریں۔ شہر جگتیال میں کسی قسم کی ناگہانی صورتحال و واقعات کے تدارک کے لیے عملے کا ہر رکن اپنے فرائض کو ٹھیک ٹھیک انجام دے۔ اور کہا کہ ارکان عملہ کی جانب سے اپنے فرائض کی ٹھیک ٹھیک انجام دہی پر ہی نظم وضبط برقرار رہتا ہے شہر میں کسی قسم کی ناگہانی صورتحال یا واقعات پر عملہ اس کے متعلق اپنے اعلی عہدے داروں کو جلد سے جلد اسکی اطلاع دیں۔ اور شہر میں ٹریفک میں خلل پیدا نہ ہو اس کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ان دنوں شراب نوشی کے بعد گاڑی چلانے سے حادثات میں اضافہ ہوا ہے بکثرت حادثات ہونے کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک پولیس اور ٹاؤن عملہ (ڈرنک اینڈ ڈرائیو) حالت نشے میں گاڑی چلانے والوں کے خلاف زیادہ سے زیادہ کارروائی کی جانی چاہیے اس موقع پر سب ڈویژنل پولیس افسر رگھور چندر، ٹاؤن انسپکٹر وینو گوپال اور عملے کے ارکان موجود تھے۔

خواتین میں بانجھ پن کے علاج کیلئے کورٹلہ میں مفت میڈیکل کیمپ

کورٹلہ 26 / جون (ایس این بی) خواتین کے بانجھ پن کے علاج کیلئے آج ایک مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد شہر کورٹلہ کے مشہور " کورٹلہ نرسنگ ہوم " میں آنجہانی ڈاکٹر وائی۔ منوہر راؤ چیارٹیبل ٹرسٹ کی جانب سے اور رجنی فرٹیلٹی سنٹر کریم نگر کے تعاون سے منعقد کیا گیا جس میں مختلف مقامات سے تعلق رکھنے والے تقریبا تین سو افراد نے شرکت کرتے ہوئے اس مفت فرٹیلٹی میڈیکل کیمپ سے استفادہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر بنگاری رجنی پریادرشنی نے کہا کہ اج کل جوڑوں (میاں بیوی) میں اولاد نہ ہونے کے معاملات کثیر تعداد میں سامنے آرہے ہیں جس کی اہم وجہ ناسازی صحت، امراض میں مبتلا ہونا اور وقت پر شادی نہ کرنا ہے ایسے افراد کیلئے رجنی فرٹیلٹی سینٹر کریم نگر میں جدید ترین ٹیکنالوجی اور جدید طریقہ کار کے ذریعے علاج کیا جارہا ہے اور شمالی تلنگانہ میں سب سے زیادہ مریضوں کو کامیاب علاج کرنے کا سہرا رجنی فرٹیلٹی سینٹر کریم نگر کے سر جاتا ہے اس موقع پر مفت میڈیکل کیمپ سے رجوع ہونے والوں کو مفت تشخیص کے علاوہ مفت اسکیننگ، مفت بلڈ ٹیسٹ کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سویتی انوپ راؤ، ڈاکٹر وائی۔ انوپ راؤ نے اعادہ کیا کہ ہر سال ڈاکٹر وائی منوہر راؤ چار ٹیبل ٹرسٹ کی جانب سے اس طرح کے مفت میڈیکل کیمپس کا انعقاد عمل میں لایا جائے گا۔

درگاہ بڑا پہاڑ کے غلے سے 20.97 لاکھ آمدنی۔ حضرت سید سعد اللہ حسینی ITI کی کیا کشادگی ممکن!

نظام آباد: 26؍جون (ایس این بی) ورنی منڈل کے بڑا پہاڑ میں واقع درگاہ حضرت سید سعد اللہ کے غلہ سے دو ماہ کے دوران وقف بورڈ کو 20.97 لاکھ کی آمدنی حاصل ہوئی ہے۔ گذشتہ دو دن سے وقف بورڈ تلنگانہ کی زیرنگرانی پولیس کی موجودگی میں غلہ سے حاصل ہونے والی رقم کی گنتی کی گئی وقف انسپکٹر صدام حسین، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ شیخ جمال نے بتایا کہ درگاہ حضرت سید سعد اللہ حسینی کے غلہ سے 20.97 لاکھ رقم حاصل ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ بہت جلد درگاہ کے سالانہ ٹنڈر کا اعلان کیا جائیگا۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہوگا کہ 1980ء کے دہے میں درگاہ حضرت سید سعد اللہ حسینی بڑا پہاڑ اور وقف بورڈ کے زیراہتمام نظام آباد میں حضرت سید سعد اللہ حسینی آئی ٹی آئی کا قیام عمل میں لایا گیا تھا اس آئی ٹی آئی میں طلباء وطالبات کو مختلف فنی کورس کی تربیت دی جاتی تھی فنی کورس کی تربیت حاصل کرنے والے طلباء کو سرکاری ملازمت کے علاوہ خلیجی ممالک میں روزگار حاصل ہوتا تھا لیکن حضرت سید سعد اللہ حسینی آئی ٹی آئی کے انتظامات میں وقف بورڈ کی لاپرواہی کی وجہ سے یہ آئی ٹی آئی بند ہوگئی اور قصہ پارینہ بن چکی ہے۔ منشائے وقف (وقف ایکٹ) کے تحت جس مقام سے وقف بورڈ کو حاصل ہونے والی آمدنی کا 70 فیصد حصہ اسی مقام پر فلاح و بہبود پر خرچ کرنا لازمی ہے لیکن درگاہ حضرت سید سعد اللہ حسینی بڑا پہاڑ کے غلہ سے حاصل ہونے والی آمدنی نظام آباد ضلع پر خرچ نہیں کی جاتی اور نہ ہی اس رقم سے حضرت سید سعد اللہ حسینی آئی ٹی آئی کی کشادگی عمل میں لائی جارہی ہے تاکہ مسلم اقلیتی طلباء وطالبات کو عصری کورسس کی تربیت فراہم کرتے ہوئے روزگار کا حامل بنایا جاسکے ہر حکومت میں مسلم اقلیت کے ساتھ صرف زبانی وعدہ کئے جاتے ہیں عملی اقدامات نہیں کئے جاتے جس کی وجہ سے آج مسلم اقلیت کے نوجوان بے روزگاری کا شکار ہوکر جرائم میں مبتلا ہورہے ہیں ریاست میں کانگریس حکومت برسراقتدار ہے کانگریس کے اقلیتی قائدین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ شعبدہ بازی چھوڑ کر عملی اقدامات کریں حضرت سید سعد اللہ حسینی آئی ٹی آئی کی کشادگی عمل میں لائے۔

رعیتو بھروسہ کیلئے 10 ایکڑ اراضی کی حد مقرر کرنے کا مطالبہ

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور سے کسانوں کی اپیل

گدوال، 26؍جون (ایجنسیز) ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشورا راؤ سے ویڈیو کانفرنس کے دوران ضلع کے کسانوں نے رعیتو بھروسہ اسکیم کے لیے 10 ایکڑ اراضی کی حد مقرر کرنے کا مطالبہ کیا۔ میٹنگ کے دوران، تملا ناگیشور نے رعیتو بھروسہ اسکیم کو لاگو کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ تجویز تھی کہ رعتیو بھروسہ کیلئے صرف 5 ایکڑ کی حد مقرر کی جائے اور اضافی فنڈز کو خصوصی طور پر چھوٹے اور پسماندہ کسانوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ موجودہ وافر بارش اور خریف کے زرعی سیزن کے ساتھ، چند کسانوں نے کسانوں کے انشورنس فنڈز کو وقت پر فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ مزید برآں، کسانوں نے شکایات کا اظہار کیا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت نے ان کا استحصال کیا۔ انہوں نے کانگریس حکومت پر زور دیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ رعیتو بھروسہ اسکیم سے ایسے کسانوں کو فائدہ پہنچے جو حقیقی طور پر زراعت میں مشغول ہوں اور فصلیں اگائیں۔ کئی کسانوں نے یہ رائے بھی ظاہر کی کہ جو لوگ ٹیکس ادا کرتے ہیں اور دس ایکڑ سے زیادہ زمین کے مالک ہیں ان کے لیے انشورنس غیر ضروری ہے۔

مجلسی کارپوریٹر محمد عبدالغفور مقیم کی نمائندگی پر الیکٹریکل پولس کا ڈویژن 60 میں سروے

نظام آباد: 26؍جون (ایس این بی) بلدی ڈیویژن 60 انچارج کارپوریٹر محمد عبدالغفور مقیم کی زیرنگرانی میں مونسپل کارپوریشن کی جانب سے آج الیکٹرک پولس کا سروے کیا گیا جہاں جہاں پر الیکٹرک پولس خراب ہے یا خستہ حالت میں ہے اسکو تبدیل کرنے کیلئے انچارج کارپوریٹر محمد عبدالغفور مقیم نے میونسپل کمشنر مندا مکرانده سے کامیاب نمائندگی کے سلسلہ پر آج ڈویژن 60 میں اے ای، ڈی ون سیکشن ناگیش، لائن مین دیویا، اسسٹنٹ لائن مین ناگ راج نے سروے کرتے ہوے الیکٹرک پولس کی منظوری عمل میں لائے گی جس پر ڈویژن 60 کی عوام نے بے لوث عوام کے خدمت گذار جو ہر وقت عوام کیلئے تیار رہتے ہے. انچارج کارپوریٹر محمد عبدالغفور مقیم ڈویژن 60 کا اور محکمہ الیکٹریسٹی کے عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا۔

انصاف کیلئے جدوجہد، طلباء یونین کو پولیس کا انتباہ پر تشویش

نظام آباد: 26؍جون (ایس این بی) بعض خانگی اسکولوں کے ظلم کا شکار طلباء اور سرکاری اسکولوں کے غریب طلباء کو انصاف کی لڑائی لڑنے والی طلباء یونینوں کو پولیس کی جانب سے انتباہ جاری کئے جانے پر حیرت کا اظہار کیا جارہا ہے۔ نہ ہی سابق میں اور نہ ہی حالیہ عرصہ میں طلباء یونینوں کی جانب سے اسکول انتظامیہ کو ڈرانے دھمکانے یا اسکول پر حملہ کے واقعات پیش آئے ہیں طلباء کے حقوق کیلئے جدوجہد کرنے والی پرُ امن طلباء تنظیموں کے ارکان کو انتباہ جاری کرتے ہوئے ان کے حوصلوں کو پست نہیں کیا جاسکتا۔ اگر محکمہ پولیس کو اسکولوں کی فکر لاحق ہونے پر طلباء کے حقوق کی بھی فکر ہونی چاہئے۔ بعض خانگی اسکولوں میں من مانی فیس وصول کی جارہی ہے بغیر رسید اجراء کئے یونیفارم، اسٹیشنری فروخت کررہے ہیں اس کیخلاف محکمہ پولیس کیوں کارروائی نہیں کررہا ہے پرُامن طلباء تنظیموں کے پرُامن احتجاج کو روکنے کیلئے انتباہ جاری کرنا غلط نظیر ہے۔

قرض کی معافی سے ضلع کریم نگر کے 3.80 لاکھ کسانوں کو فائدہ

کریم نگر، 26؍جون (ایس این بی) سی ایم ریونت ریڈی کی طرف سے اعلان کردہ 2 لاکھ زرعی قرض کی معافی سے کریم نگر ضلع کے 3.80 لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچے گا۔ جن ضلع میں ڈی سی سی بی اور لیڈ بینک کے منیجر 12 دسمبر 2018 سے 9 دسمبر 2023 تک قرضوں کی تازہ ترین فہرست بھیجنے کے لیے تیزی سے کام کررہے ہیں۔ بینک کے عہدیداروں نے کریم نگر سنٹرل کوآپریٹیو بینک کے تحت 80 ہزار کسانوں کی فہرست تیار کی جو 2 لاکھ روپئے کے قرض معافی کے اہل ہیں اور تقریباً 600 کروڑ روپئے معاف کئے جائیں گے۔ دیگر تجارتی بینکوں کے دائرہ کار میں تقریباً 2,50,000 کسانوں کو حکومت سے قرض کی معافی ملے گی۔ کمرشل بینکوں میں 1,800 کروڑ روپے معاف کیے جائیں گے۔ راماڈوگو سے تعلق رکھنے والے وینکٹ رامنا نامی کسان نے بتایا کہ وہ کسانوں کے قرضوں کی معافی کی خبر سن کر بہت خوش ہیں، خاص طور پر ان کسانوں کیلئے جن کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ پچھلے دو سالوں میں بے وقت ژالہ باری انہوں نے فیصلہ لینے کے لئے سی ایم ریونت ریڈی کا شکریہ ادا کیا۔ مرکزی حکومت کسانوں کے لیے کسان یوجنا اسکیم صرف ان چھوٹے کسانوں کے لیے نافذ کر رہی ہے، جن کے پاس 15 ایکڑ سے کم اراضی ہے۔ ریاستی حکومت بھی مرکزی حکومت کی پیروی کی پالیسی کو نافذ کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ قرض معافی کا عمل شروع ہونے اور 15 اگست تک مکمل ہونے کی امید ہے۔ پچھلی حکومت نے دو بار قرض معاف کیا۔ پچھلی کے سی آر حکومت نے دو بار قرض معافی کیلئے 28000 کروڑ روپے ادا کیے تھے۔

انسداد منشیات کے عالمی دن، منچریال میں ریلی کا انعقاد

حیدرآباد، 26؍جون (ایس این بی) منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی دن کے موقع پر تلنگانہ کے منچریال میں آئی بی چوراستہ سے زیڈ پی ہائی اسکول تک ایک ریلی نکالی گئی۔ کلکٹر کمار دیپک ریلی کے مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے دیپک نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ منشیات کے استعمال اور لڑکیوں کی غیر قانونی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے کئی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو مشورہ دیا کہ وہ منشیات کا استعمال نہ کریں اور اپنا کیریئر خراب نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ جسم فروشی کے کاروبار سے بچائی گئی خواتین کو حکومت کے زیر انتظام چلائے جانے والے ہومس میں پناہ دی جارہی ہے۔

ضلع پداپلی میں سڑک حادثہ۔ دو افراد ہلاک

حیدرآباد 26 جون (یو این آئی) تلنگانہ کے ضلع پداپلی میں پیش آئے سڑک حادثہ میں دو افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ ضلع کے ملاپور کے قریب اس وقت پیش آیا جب مخالف سمت سے آرہی آر ٹی سی بس اور آٹو ٹرالی ایک دوسرے سے متصادم ہوگئے۔ حادثہ اتنا شدید تھا کہ حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ٹرالی ڈرائیور 25 سالہ انور اور گوداوری کھنی سے تعلق رکھنے والے 55 سالہ شخص افضل کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔

تیندوے سے بچنے کی کوشش، کار الٹ گئی، بیوی ہلاک، شوہر زخمی

حیدرآباد، 26؍جون (ایس این بی) تیندوے سے بچنے کی کوشش کے دوران توازن کھوجانے کے نتیجہ میں کار الٹ گئی جس کے سبب ایک خاتون ہلاک ہوگئی اور اس کا شوہر شدید زخمی ہوگیا۔ یہ حادثہ تلنگانہ کے ضلع نظام آباد میں پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی شب پربھاکر اور اس کی بیوی للیتا کاماریڈی ضلع کے یاچارم گاؤں میں اپنے رشتہ داروں کے گھر سے واپس ہورہے تھے کہ سڑک پر ٹھہرے تیندوے سے بچنے کی کوشش میں نظام آباد ضلع کے مضافاتی علاقے ایلیما کنٹہ میں کار الٹ گئی۔ اس واقعہ میں 30 سالہ للیتا کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ اس کا شوہر پربھاکر شدید زخمی ہوگیا۔ اس کو علاج کیلئے ضلع اسپتال منتقل کیا گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا اور تفصیلات حاصل کیں۔

ماحولیاتی آلودگی کو روکنے میں بائیو مائننگ طریقہ کار معاون

بلدیہ کورٹلہ کے ڈمپنگ یارڈ میں قائم بائیو مائننگ طریقہ کار کا کمشنر بی۔ تروپتی نے کیا معائنہ

کورٹلہ، 26؍جون (ایس این بی) سائنٹیفک طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے کچرے کو بائیو مائننگ کے ذریعے مختلف اشیاء میں علحدہ کرنے پر بائیو مائننگ طریقہ کار ماحولیاتی آلودگی کو روکنے میں معاون ثابت ہورہا ہے کیونکہ کچرے کو کہیں بھی پھینکنے پر ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ بائیو مائننگ طریقہ جسمیں کچرے سے مختلف اشیا کو الگ کرتے ہوئے انہیں انکی ضرورت کے مطابق کام میں لایا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار کمشنر بلدیہ کورٹلہ بٹو تروپتی نے شہر کورٹلہ کے جی۔ لیس گارڈن کے عقبی حصہ میں قائم بلدیہ کورٹلہ کے ڈمپنگ یارڈ میں بائیو مائننگ طریقہ کار کا معائنہ کیا اور اس موقع پر ورکرس کو اپنی جانب سے مشورے و صلاح دی۔ سینٹری انسپکٹر کورٹلہ گجانند نے اس ضمن میں تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ کمشنر آف ڈائریکٹوریٹ میونسپل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے ایک سال کیلئے ٹنڈر طلب کرتے ہوئے ڈرائی ریسورس کلکشن سنٹر کے تحت جسمیں بلدیہ کے ملازمین کی جانب سے جو کچرا شہر میں گھر گھر جا کر جمع کیا جاتا ہے اسے بلدیہ کے ڈمپنگ یارڈ منتقل کیا جاتا ہے اور روزآنہ تقریباً ایک سوٹرپ کچرا ڈمپنگ یارڈ میں ڈالا جاتا ہے اور چند مہینوں میں کچرے کا ایک بڑا ڈھیر جمع ہونے کے بعد اس پر بائیو کلچرل کمیکل کا چھڑکاؤ کرتے ہوئے اسے قریب ایک ماہ کیلئے چھوڑ دیا جاتا ہے جس سے کچرے کے اندر موجود چند اجزاء گل جاتے ہیں اور باقی بچ جانے والی اشیاء جسکو بائیو مائننگ کیلئے بھاری مشینری کے ذریعے کچرے کی پروسیسنگ کی جاتی ہے جہاں پر کچرے سے مختلف اشیا جیسے پتھر، کانچ، لوہا، پلاسٹک کی تھیلیاں، کپڑے، لکڑی، فائبر، اور دیگر اشیاء کو علحدہ کیا جاتا ہے اور بچ جانے والے چھوٹے چھوٹے باریک اجزاء جن میں مٹی، ریت، ہڈیاں، کانچ کے ٹکڑے سڑی گلی اجزاء، وغیرہ جس میں نامیاتی مرکبات کی کثیر تعداد موجود ہوتی ہے جو ایک طور نامیاتی کھاد کے طور پر استعمال میں لائی جاسکتی ہے جس کے استعمال سے کاشتکاری میں فائدہ ہوسکتا ہے اسے کسانوں کے حوالے کیا جاتا ہے اور اگر کانچ کے ٹکڑوں کی زیادہ مقدار ہونے کے سبب کاشتکاری میں عدم استعمال پر اسے گڈھوں اور غیر مسطح راستوں کو مسطح کرنے کیلئے مورم کے طور پر استعمال میں لایا جاتا ہے اور بائیو مائننگ طریقہ کار سے کچرے میں الگ کی گئی دیگر اشیاء جس میں کپڑے، پلاسٹک، پلاسٹک کی تھیلیوں، فائبر، اور دیگر کو سیمنٹ فیکٹریوں میں انرجی ڈیولپمنٹ کیلئے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ کمشنر بلدیہ کورٹلہ بٹو تروپتی کے ہمراہ سینٹری انسپکٹر کورٹلہ گجانند، ہیلتھ اسسٹنٹ پروین کمار، ماحولیاتی انجینئر مہیش موجود تھے۔

پرائمری اسکولوں میں معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات کو یقینی بنائیں

ٹیچرس کے تین روزہ تربیتی پروگرام سے ضلع کلکٹر پامیلا ستپاتھی کا خطاب

کریم نگر، 26؍جون (ایس این بی) ضلع کلکٹر پامیلا ستپاتھی نے عملے کو ہدایت دی کہ وہ مفت پرائمری اسکولوں کو بہترین بنائیں۔ ضلع کلکٹر نے تیماپور منڈل ایل ایم ڈی کالونی میں واقع درگا بائی مہیلا شیشو وکاس کیندر میں پانچ منڈلوں کے پری پرائمری اسکول ٹیچرز (آنگن واڑی ورکرس) کے تین روزہ تربیتی پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ضلع کلکٹر نے بتایا کہ حکومت نے آنگن واڑی مراکز کو پری پرائمری اسکولوں میں تبدیل کردیا ہے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ حکومت اچھے عزائم کے ساتھ کام کررہی ہے اور پری پرائمری اساتذہ کو ذمہ داری سے کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں میں کھیلوں کے ذریعے تعلیم فراہم کر کے ان میں معیاری تبدیلی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نصاب بھی بچوں کیلئے اچھا ہے اور اساتذہ کو تدریسی طریقہ کار کے مطابق کام کرنا چاہیے۔ کہا جاتا ہے کہ پری پرائمری سکولوں کو یکسر بہتر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محنت کرنے والے اساتذہ کو مناسب پذیرائی دی جائے گی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ لڑکیوں کو اپنے بچوں کی طرح سمجھیں۔ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ والدین کو ان پری پرائمری اسکولوں کے بارے میں آگاہ کیا جائے جو کارپوریٹ سطح پر تیار کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پروگراموں کے نفاذ میں اساتذہ کا کردار کلیدی ہے۔ اس میٹنگ میں انچارج ڈسٹرکٹ ویلفیئر آفیسر سبیتا، تماپور تحصیلدار کنکایا اور دیگر نے شرکت کی۔

گانجہ کی اسمگلنگ روکنے میں کوتہ گوڑیم پولیس کا کلیدی رول: ایس پی روہت راجو

کوتہ گوڑیم، 26؍جون (ایجنسیز) ضلع پولیس نے گزشتہ چھ مہینوں میں تقریباً 5000 کلوگرام گانجے کی اسمگلنگ کو روکا ہے، پولیس سپرنٹنڈنٹ بی روہت راجو نے بتایا۔ ایس پی نے ضلع کلکٹر جیتیش وی پاٹل کے ساتھ بدھ کو یہاں انسداد منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے دن کے موقع پر ایک بیداری ریلی میں حصہ لیا۔ انہوں نے اس موقع پر شرکاء سے منشیات سے پاک معاشرے کے لیے کام کرنے کا عہد کیا۔ روہت راجو نے کہا کہ ضلع پولیس ضلع کے ذریعے گانجے کی غیر قانونی نقل وحمل سے مؤثر طریقے سے نمٹ رہی ہے، جس کی سرحد ریاست چھتیس گڑھ اور آندھرا پردیش سے ملتی ہے۔ ضلع میں اب تک 30,000 کلو سے زیادہ ضبط شدہ گانجہ جلایا جاچکا ہے۔ ایس پی نے مزید کہا کہ کوٹھا گوڈیم ضلع گانجے کی نقل وحمل کو روکنے میں ضلعی پولیس کی کوششوں سے ریاست تلنگانہ میں ایک سرخیل بن گیا ہے۔ کلکٹر پاٹل نے کہا کہ ضلع میں منشیات کی اسمگلنگ کو روکنے میں محکمہ پولیس کا کردار بہت اہم ہے۔ والدین اور اساتذہ کو اس بات پر نظر رکھنی چاہیے کہ بچے کیا کر رہے ہیں اور سب کو تلنگانہ میں منشیات سے پاک معاشرے کے لیے سخت محنت کرنی چاہیے۔

گانجہ اور منشیات کے خاتمہ کیلئے ہر شہری کا تعاون ناگزیر

منشیات کا استعمال فیشن۔ نشہ کی لت سے بچنے راماگنڈم کمشنر پولیس کا مشورہ

راماگنڈم، 26؍جون (ایجنسیز) پولیس کمشنر ایم سرینواسولو نے کہا کہ گانجہ اور دیگر منشیات کا استعمال ایک فیشن بن گیا ہے۔ نوجوان اور طلباء منشیات کے استعمال کو فیشن سمجھ رہے ہیں۔ فلموں میں دکھائے جانے والے منشیات کے استعمال کے مناظر نوجوانوں پر اثر انداز ہورہے ہیں۔ یہ بتاتے ہوئے کہ ایک بار نوجوانوں کو منشیات کی لت لگ جائے تو اس سے بچنا ممکن نہیں ہے، انہوں نے نوجوانوں کو نشہ کی لت میں مبتلا ہوکر قیمتی زندگی کو ضائع نہ کرنے کا مشورہ دیا۔ کمشنر پولیس نے نوجوانوں اور طلباء کو نشہ سے دور رہنے کا مشورہ دیا۔ انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر، گوداوریکھانی ون ٹاؤن پولیس نے میونسپل آفس ٹی جنکشن سے گوداوریکھانی ٹاؤن میں گاندھی چوک تک بیداری ریلی نکالی۔ ریلی کو جھنڈی دکھاتے ہوئے سرینواسولو نے کہا کہ اگر لوگ گانجہ استعمال کر کے گاڑیاں چلاتے ہیں تو سڑک حادثات کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ خود کو زخمی کرنے کے علاوہ، منشیات کے عادی افراد دوسروں پر حملہ کرسکتے ہیں، لوگوں کو قتل کرسکتے ہیں اور چوری میں ملوث ہوسکتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ پولیس منشیات کے خاتمے کے لیے کام کررہی ہے، لیکن معاشرے سے گانجہ اور دیگر منشیات کا خاتمہ کرنا ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ اگر وہ اسکول اور کالجوں میں کسی کو منشیات فروخت کرتے یا استعمال کرتے ہوئے دیکھیں تو پولیس کو آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ گانجہ کا استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی کا انتباہ دیا۔ ریلی میں گوداوریکھانی کے اے سی پی ایم رمیش، اسپیشل برانچ کے اے سی پی راگوبندر راؤ، ٹریفک اے سی پی نرسمہلو، طلباء، ڈاکٹرس، این سی سی کیڈٹس، نوجوانوں اور دیگر نے شرکت کی۔

منشیات معاشرے کیلئے ناسور۔ نوجوان نسل کو محفوظ رکھنے اقدامات ناگزیر

بھینسہ میں عالمی یوم انسداد منشیات کے موقع پر شعور بیداری، سرکل انسپکٹر کا خطاب

INTERNATIONAL DAY AGAINST
DRUG ABUSE & ILLICIT TRAFFICKING
DATE: 26th JUNE
Not Drugs

بھینسہ 26؍جون (ایس این بی) 26؍جون 1989 سے یہ دن منشیات کے استعمال اور ناجائز منشیات کی خرید فروخت کے خلاف پوری دنیا ہیں انسداد منشیات اور منشیات ایک لعنت کے طور پر منایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں بھی اس دن کو منشیات کے نقصان خصوصاً اس کے استعمال سے انسانی صحت کی تباہی و بربادی اور ملکی معیشت پر منفی اثرات سے متعلق آگاہی مہم کے تحت مختلف پروگرام جن میں سیمینارز، واک، ریالی اور عوامی اجتماع کے دیگر پروگرامات کیے جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں آج بھینسہ پولیس کی جانب سے ایک ریالی کا انعقاد کیا گیا۔ اس ریالی میں بھینسہ کے شہر کے مختلف اسکولس اور کالجیس کے طلباء وطالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ یہ ریالی شہر کے مختلف شاہراؤں سے ہوتے ہوئے بھینسہ بس اسٹانڈ کے روبرو واقع امبیڈکر مجسمہ کے قریب اختتام عمل میں آیا۔ ریالی کے دوران طلباء وطالبات عوام میں منشیات کے تعلق سے شعور بیداری لانے کیلئے مختلف تشہری اقدامات کیئے ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سرکل انسپکٹر بھینسہ راجہ ریڈی نے منشیات کے مضر اثرات پر روشنی ڈالی اور کہا کہ منشیات معاشرے کے لیے ایک بڑا ناسور ہے جو نوجوان نسل کی زندگیوں کو تباہ کر دیتی ہے۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ آج کے نوجوان اور طلباء نشہ کو شوق تصور کرتے ہوئے اپنی زندگیوں کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نشہ کے عادی نوجوان جرائم کے ارتکاب کرنے سے نہیں چوک رہے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ نشہ کا استعمال کرنا اور اس کی غیر قانونی فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے اس موقع پر یہاں موجود طلباء وطالبات سے کہا کہ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام تر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔